Total No. of Printed Pages : 4 ]

**01U(A)**

# URDU, Paper -I

*(First Language)*

**Parts A and B**

**Time : 2 hours 45 minutes** **Maximum Marks : 40**

ہدایات :(1) ابتدائی 15 منٹ پرچہ سوال کا مطالعہ کریں اور سمجھیں۔ باقی 2½ گھنٹوں میں امتحان دیں۔

(2) پارٹ A کے جوابات سربراہ کی گئی علیٰحدہ جوابی بیاض میں لکھیں۔

(3) پارٹ B کے جوابات پرچہ سوال پر ہی دی گئی توسین میں لکھیں اور اس پارٹ کو جوابی بیاض کے ساتھ منسلک کریں۔

---

## Part-A

*Time : 2 hours* *Marks : 30*

سمجھنا۔ اظہارِ خیال کرنا۔

I. (الف) ذیل میں سے کسی ایک حصہ کا مطلب لکھیے۔ 1×4=4

ClassResult.in

1. وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوت ہادی
عرب کی زمیں جس نے ساری ہلادی
نئی اک لگن دل میں سب کے لگادی
اک آواز میں سوتی بستی جگا دی
اڑا ہر طرف غل یہ پیغام حق سے
کہ گونج اٹھے دشت و جبل نام حق سے

یا

ہم کو ان سے وفا کی ہے امید
جو نہیں جانتے وفا کیا ہے
"ہاں بھلا کر ترا بھلا ہو گا"
اور درویش کی صدا کیا ہے

(ب) ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 1×4=4

2. ان اشعار کی حوالہ متن تشریح کیجیے۔

قدر اب تک تری تاریخ نے جانی ہی نہیں
تجھ میں شعلے بھی ہیں بس اشک فشانی ہی نہیں
تو حقیقت بھی ہے دلچسپ کہانی ہی نہیں
تیری ہستی بھی ہے اک چیز جوانی ہی نہیں

یا

ان اشعار کی کو مکمل کیجیے۔

وہ نبیوں میں رحمت..............
مرادیں غریبوں کی..............
مصیبت میں..........کام آنے والا
..................کا غم کھانے والا

ClassResult.in

(ج) ذیل کی عبارت پڑھ کر دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4×1=4

گاؤں میں کسی کو پانی پلانے سے پہلے مٹھائی نہیں تو کم از کم گڑ ضرور پیش کیا جاتا ہے، جب کہ شہروں میں پانی پچیس پیسے فی گلاس ملتا ہے۔ یہ فرق ہوتا ہے کنوئیں کے میٹھے پانی اور شہر کے پائپوں کے پانی میں۔ آج بھی گاؤں میں ایک آدمی کی موت کو گاؤں کی موت سمجھا جاتا ہے۔ مرحوم کے ساتھ قبرستان تک پورا گاؤں جاتا ہے۔ ہفتوں چوپالیں اداس رہتی ہیں۔ تقریبیں ملتوی ہو جاتی ہیں۔ تبسم لبوں تک پہنچنے کا راستہ بھول جاتا ہے۔ لیکن شہر میں شریک غم ہونا دور کی بات ہے، کاندھا بھی اسی جنازے کو دیتے ہیں جس کے لواحقین سے دامے درمے کوئی فائدہ

پہنچنے والا ہوتا ہے۔ میں اپنے گاؤں میں چندا ماما کو تیرتے ہوئے دیکھتے دیکھتے جوان ہو گیا۔ اب پنگھٹ سے آنے والیاں مجھے دیکھ کر گھونگھٹ کاڑھنے لگی تھیں۔

سوالات :-

3. گاؤں میں پانی کس طرح پلایا جاتا ہے ؟

4. مرحوم کے ساتھ گاؤں میں کیا برتاؤ کیا جاتا ہے ؟

5. شہر والے کس جنازہ کو کندھا دیتے ہیں ؟

6. مصنف گاؤں میں کس طرح جوان ہوا ؟

**II.** اظہار مافی الضمیر۔ تخلیقی صلاحیت کا اظہار۔

(د) حسب ذیل سوالوں کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھئے۔ **4×2=8**

7. شیر کے دربار میں کن کن جانوروں نے اپنی شکایتیں بیان کیں ؟

8. اردو زبان سے ہم ہندوستانیوں کی محبت کا کیا عالم ہے ؟

9. ہمیں دنیا میں کس طرح کی زندگی گزارنی چاہیے ؟

10. کسی ایک صنف پر نوٹ لکھئے۔

(الف) قصیدہ

(ب) غزل

ClassResult.in

(ہ) ذیل میں سے سوال نمبر 11 سے ایک اور سوال نمبر 12 سے ایک سوال کا جواب ضروری ہے۔ ہر سوال جواب کم از کم دس سطروں پر مشتمل ہو۔ **2×5=10**

11. نظم ”لیلیٰ صبح“ میں شاعر نے مناظر فطرت کے حسن و جمال کو کس خوش اسلوبی سے الفاظ میں ڈھالا ہے بیان کیجئے۔

**یا**

نظم ”خون کا رنگ“ میں شاعر نے امن کے پیغام کو کس طرح عام کیا ہے ؟

12. شہر حیدر آباد کے بانی سلطان محمد قلی قطب شاہ کی تعریف کرتے ہوئے ایک مضمون لکھئے۔

یا

شادی کے بعد لڑکی کسی گھر کی بہو بن جائے تو سسرال والوں کے ساتھ کیسا رویہ رکھے ؟
اپنے خیالات قلم بند کیجئے۔

---

ClassResult.in

Total No. of Printed Pages : 4 ]

**01U(B)**

# URDU, Paper -I

*(First Language)*

**Parts A and B**

**Time : 2 hours 45 minutes** **Maximum Marks : 40**

**ہدایات :** (1) اس حصہ کے جوابات اسی حصہ میں لکھیں۔

(2) اس حصہ کو پارٹ A کے جوابی بیاض سے منسلک کریں۔

---

**Part-B**

***Time : 30 minutes*** ***Marks : 10***

**III.** زبان شناسی / لفظیات :

حسب ذیل سوالوں کے صحیح جواب کا حرف قوسین میں لکھیے۔ **$20 \times \frac{1}{2} = 10$**

1. 'مد و جزر اسلام' کا دوسرا نام ہے۔ [ ]

(الف) مسدس حالی (ب) مقدمہ شعر و شاعری

(ج) بیوہ ماں (د) عیدگاہ

2. جدید شاعری کے معمار ہیں۔ [ ]

(الف) غالب (ب) حالی

(ج) جوش (د) ذوق

3. 'حیات جاوید' میں تذکرہ ہے۔ [ ]

(الف) علامہ اقبال کا (ب) سر سید کا

(ج) غالب (د) کسی کا نہیں

ClassResult.in

4. منور رانا پیدا ہوئے۔ [ ]

(الف) رائے بریلی میں (ب) اعظم گڈھ میں

(ج) لکھنؤ میں (د) بنارس میں

5. 'نسخۂ کیمیاء' سے مراد ہے۔ [ ]

(الف) زبور (ب) قرآن مجید

(ج) انجیل (د) توریت

6. بہادر شاہ ظفر کے استاد تھے۔ [ ]

(الف) غالبؔ (ب) ابراہیم ذوقؔ

(ج) جوشؔ (د) امجدؔ

7. مجتبیٰ حسین کالم نگار تھے۔ [ ]

(الف) عشق و محبت (ب) طنز و مزاح

(ج) مرثیہ نگار (د) افسانہ نویس

ClassResult.in

8. چار مینار کا بانی تھا۔ [ ]

(الف) قلی قطب شاہ (ب) قطب شاہ

(ج) تانا شاہ (د) عادل شاہ

9. 'شعلہ و شبنم' کس کا مجموعہ کلام ہے؟ [ ]

(الف) جوشؔ (ب) غالبؔ

(ج) حالیؔ (د) مغنی تبسم

10. لفظ کو اس کے اصلی معنی کے علاوہ دوسرے معنی میں استعمال کرنا۔ [ ]

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ

(ج) مجاز (د) مبالغہ

11. ڈاکٹر ذاکر حسین نے خطاب کیا اس مقام پر۔ [ ]

(الف) کاشی ودھیا پیٹھ (ب) علی گڈھ

(ج) جامعہ ملیہ (د) جامعہ سلفیہ

12. دیش و قوم کو نقصان پہنچانے والا۔ [ ]

(الف) جانور (ب) ڈاکو

(ج) نیک (د) لیڈر

13. 'ابو خاں کی بکری' تصنیف ہے۔ [ ]

(الف) ذاکر حسین (ب) شاکر حسین

(ج) عابد حسین (د) خالق حسین

ClassResult.in

14. وتد کا تیسرا حرف ہوتا ہے۔ [ ]

(الف) متحرک (ب) ساکن

(ج) مفتوح (د) مضموم

15. غالبؔ پیدا ہوئے۔ [ ]

(الف) 1796 (ب) 1896

(ج) 1996 (د) 2006

16. کس نظم میں عورتوں کی تعریف کی جاتی ہے؟ [ ]

(الف) قصیدہ (ب) ماہیہ

(ج) غزل (د) رباعی

17. غزل کا پہلا شعر پابند ہوتا ہے۔ [ ]

(الف) قافیہ (ب) ردیف

(ج) قطعہ بند (د) حسن مطلع

18. لفظ 'دشت' کے معنی ہیں۔ [ ]

(الف) ریگستان (ب) صحرا

(ج) پہاڑ (د) چوٹی

19. 'بابائے میزائل' کہلاتے ہیں۔ [ ]

(الف) ذاکر حسین (ب) عبدالکلام

(ج) ہری کرشن (د) کوئی نہیں

ClassResult.in

20. نظم "خون کا رنگ" کے شاعر ہیں۔ [ ]

(الف) شفیع لودھی مکیل (ب) ذوق

(ج) حالی (د) جوش